سندھ آرڈیننس نمبرII مجریہ 1977

SINDH ORDINANCE NO.II OF 1977

آبکاری قانون (سندھ ترمیم) آرڈیننس، 1977

THE ABKARI LAWS (SINDH AMENDMENT) ORDINANCE, 1977

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

1۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

2۔1878 کے سندھ ایکٹ نمبرV کی دفعہ 56 کی ترمیم

Amendment of section 56 of Sindh Act V of 1878

جرائم کا ازالہ

Cognizance of offences

3۔1940 کے سندھ ایکٹ نمبرIV کی دفعہ 22 کی ترمیم

Amendment of section 22 of Sindh Act IV of 1940

جرائم کا ازالہ

Cognizance of offences

4۔1960 جی ڈبلیو پی سندھ آرڈیننس نمبرII کی دفعہ 16 کی ترمیم

Amendment of section 16 of W.P Ordinance II of 1960

جرائم کا ازالہ

Cognizance of offences

5۔ کیسز کی منتقلی

Transfer of Cases

سندھ آرڈیننس نمبرII مجریہ 1977

SINDH ORDINANCE NO.II OF 1977

آبکاری قانون (سندھ ترمیم) آرڈیننس، 1977

THE ABKARI LAWS (SINDH AMENDMENT) ORDINANCE, 1977

[8فروری1977]

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ آبکاری ایکٹ، 1878، سندھ نشہ آور اشیاء استعمال کرنے پر پابندی ایکٹ، 1940 اور مغربی پاکستان آفیم استعمال کرنے پر پابندی آرڈیننس، 1960 میں مزید ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ آبکاری ایکٹ، 1878، سندھ نشہ آور اشیاء استعمال کرنے پر پابندی ایکٹ، 1940 اور مغربی پاکستان آفیم استعمال کرنے پر پابندی آرڈیننس، 1960 میں مزید ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہو گی؛

اب جیسا کہ صوبائی اسیمبلی سندھ کا سیشن جاری نہیں ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں فوری طور پر قدم اٹھانے کی ضرورت ہے؛

اب اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کی آرٹیکل 128 کی شق (1) کے تحت دیئے گئے اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس تشکیل دے کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and

1۔(1) اس آرڈیننس کو آبکاری قانون (سندھ ترمیم) آرڈیننس، 1977 کہا جائے گا۔

commencement	(2)یہ فی الفور نافذ ہو گا۔
1878 کے سندھ ایکٹ نمبر V کی دفعہ 56 کی ترمیم Amendment of section 56 of Sindh Act V of 1878	2۔سندھ آبکاری ایکٹ، 1878 کی دفعہ 56 کے لیئے مندرجہ ذیل کو تبدیل کیا جائے گا:
جرائم کا ازالہ Cognizance of offences	"56۔اس ایکٹ کے تحت سزا کے لائق جرم کا کیس فرسٹ کلاس کے ماجسٹریٹ کی عدالت کے علاوہ کسی اور عدالت کے ذریعے نہیں چلایا جائے گا۔"۔
1940 کے سندھ ایکٹ نمبر IV کی دفعہ 22 کی ترمیم Amendment of section 22 of Sindh Act IV of 1940	3۔سندھ نشہ آور اشیاء استعمال کرنے پر پابندی ایکٹ، 1940 کی دفعہ 22 کے لیئے مندرجہ ذیل کو تبدیل کیا جائے گا:
جرائم کا ازالہ Cognizance of offences	"22۔(1)اس ایکٹ کے تحت سزا لائق ایک جرم قابل قبول ہو گا۔ (2)اس ایکٹ کے تحت سزا لائق کسی بھی جرم کا کیس فرسٹ کلاس کے ماجسٹریٹ کی عدالت کے علاوہ کسی اور عدالت کے ذریعے نہیں چلایا جائے گا۔"۔

1960 جی ڈبلیو پی سندھ آرڈیننس نمبر II کی دفعہ 16 کی ترمیم
Amendment of section 16 of W.P Ordinance II of 1960

4۔ مغربی پاکستان میں آفیم تمباکو نوشی پر پابندی آرڈیننس، 1960 جیسا کہ سندھ صوبہ میں نافذ ہوتا ہے، دفعہ 16 کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل ہو گا:

جرائم کا ازالہ
Cognizance of offences

"16۔ اس آرڈیننس کے تحت سزا لائق کسی جرم کا کیس فرسٹ ماجسٹریٹ کے عدالت کے علاوہ کسی دوسری عدالت کے ذریعے نہیں چلایا جائے گا۔"۔

کیسز کی منتقلی
Transfer of Cases

5۔ سندھ آبکاری قانون ایکٹ، 1878 سندھ نشے کے استعمال پر پابندی ایکٹ، 1940 اور مغربی پاکستان آفیم استعمال کرنے پر پابندی آرڈیننس، 1960 کے تحت سزا لائق جرائم سے متعلقہ سارے کیس، جیسا کہ سندھ صوبہ پر نافذ ہیں اور عدالتوں میں التویٰ کا شکار ہیں، آرڈیننس نافذ ہونے سے فوری پہلے سیشنز، کے علاوہ ان کیسز کی، جو دلائل یا فیصلے کے لیئے مقرر کیئے گئے ہوں، ایسے کیسز میں عدالتی اختیار رکھنے والے فرسٹ کلاس ماجسٹریٹ کی عدالتوں میں منتقل کیئے جائیں گے۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام عوام کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔